## سندھ ہائیکورٹ کے معروف وکیل راجہ ریاض کے بہیمانہ قتل پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

## راجہ ریاض ایڈوکیٹ کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے ۔ جناب الطاف حسین

لندن۔۔۔11، ستمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سندھ ہائیکورٹ کے معروف وکیل راجہ ریاض کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کی ہے ۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ راجہ ریاض ایڈوکیٹ کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے ۔ جناب الطاف حسین نے مرحوم کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ راجہ ریاض مرحوم کی مغفرت فرمائے ،انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔ آمین

## کراچی کے عوام، بزرگ، مائیں اور بہنیں 12 مئی کے حوالے سے گواہ کے طور پر اپنے حلف نامے جمع کروانے اور عدالت کی کارروائی دیکھنے سندھ ہائیکورٹ گئے تھے جو ان کا بنیادی آئینی اور قانونی حق ہے ۔رابطہ کمیٹی

## عدالت پہنچنے والے تمام لوگ مکمل طور پر پرامن تھے جن میں نہ صرف نوجوان بلکہ مائیں ،بہنیں ، بزرگ اور بچے بھی شامل تھے اور وہاں کسی جگہ ایک کنکر تک نہیں مارا گیا

## سپریم کورٹ کا گھیراؤ کرکے تشدد اور دہشت گردی کرنے والے آج کس منہ سے سندھ ہائی کورٹ جانے والے کراچی کے پرامن عوام پر بے ہودہ الزامات لگارہے ہیں؟

کراچی۔۔۔11 ستمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ کراچی کے عوام، بزرگ، مائیں اور بہنیں پیر کو سندھ ہائیکورٹ میں 12 مئی کے حوالے سے گواہ کے طور پر اپنے حلف نامے جمع کروانے اور عدالت کی کارروائی دیکھنے گئے تھے جو ان کا بنیادی آئینی اور قانونی حق ہے ۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ وہاں موجود تمام وکلاء میڈیا اور عوام اس بات کے گواہ ہیں کہ عدالت پہنچنے والے تمام لوگ مکمل طور پر پرامن تھے جن میں نہ صرف نوجوان بلکہ مائیں ،بہنیں، بزرگ اور بچے بھی شامل تھے اور وہاں کسی جگہ ایک کنکر تک نہیں مارا گیا۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جو عناصر ہائی کورٹ جانے پر عوام کو تنقید کا نشانہ بنا کر بے ہودہ بیانات جاری کررہے ہیں وہ عوام خصوصاً کراچی کے عوام کے نہ صرف کھلے دشمن ہیں بلکہ ایسے منافق ہیں جو آئین، قانون اور عوام کے بنیادی آئینی حقوق پر یقین نہیں رکھتے ۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پاکستان کے عوام اس بات کے گواہ ہیں کہ چیف جسٹس سپریم کورٹ کے مقدمہ کی سماعت کے موقع پر جماعت اسلامی سمیت مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں کے کارکنان، لیڈرز اور وکلاء نہ صرف سپریم کورٹ کی پوری عمارت کا گھیراؤ کرتے تھے بلکہ متعدد مواقع پر انہوں نے سپریم کورٹ میں توڑ پھوڑ کی، تشدد کیا، کھلی دہشت گردی کی اور وسیم سجاد سمیت متعدد سینئر وکلاء کو بدترین تشدد کا نشانہ بنایا جس کی خبریں الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا پر شائع اور نشر ہوئیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سپریم کورٹ کا گھیراؤ کرکے تشدد اور دہشت گردی کرنے والے آج کس منہ سے سندھ ہائی کورٹ جانے والے کراچی کے پرامن عوام پر بے ہودہ الزامات لگارہے ہیں؟ کیا ان عناصر کو یہ حق حاصل ہے کہ یہ سپریم کورٹ کا گھیراؤ کرکے تشدد، توڑ پھوڑ، دہشت گردی کریں اور سینئر وکلاء پر تشدد کریں؟ کیا کراچی کے عوام کو یہ آئینی اور قانونی حق حاصل نہیں ہے کہ وہ اپنی گواہی دینے کیلئے ہائی کورٹ جاسکیں؟ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سندھ ہائیکورٹ جانے والے پرامن عوام کے خلاف بے ہودہ بیانات جاری کرنے والے جماعت اسلامی سمیت دیگر عناصر نے ان بیانات کے ذریعے اپنی گھناؤنی متعصّبانہ ذہنیت کا کھل کر اظہار کردیا ہے اور یہ ثابت کردیا ہے کہ یہ عناصر عوام کے بنیادی آئینی و قانونی حقوق پر یقین ہی نہیں رکھتے ۔انہوں نے کہا کہ ایسے عناصر کے گھناؤنے بیانات اور جھوٹے پروپیگنڈے عوام کو ان کے بنیادی آئینی و قانونی حقوق کے حصول سے ہرگز نہیں روک سکتے ۔

## لیاری میں مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم کے کارکن مشیراحمد کوزخمی کردیا

## مسلح دہشت گردایم کیوایم کے کارکنوں پرقاتلانہ حملے اوردہشت گردی کرکے شہرکاامن تباہ کرناچاہتے ہیں۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔11،ستمبر2007ء۔۔۔ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے کارکن مشیراحمدکومسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے شدیدزخمی کردیا۔تفصیلات کے مطابق مشیراحمدمنگل کی دوپہرلیاری کے علاقے میں موٹرسائیکل پرکہیں کام سے جارہے تھے کہ ایک موٹرسائیکل پرسواردومسلح افراد نے ان پرفائرنگ کی جس کے نتیجے میں وہ شدیدزخمی ہوگئے۔انہیں فوری طورپرسول اسپتال لے جایاگیاجہاں ان کاآپریشن کیاگیا۔انہیں انتہائی نگہداشت کے شعبے میں داخل کردیاگیاجہاں انکی حالت نازک ہے۔واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان،رکن سندھ اسمبلی شاکرعلی،صدرکے ٹاؤن ناظم محمددلاوراورتنظیمی کمیٹی کے ارکان اسپتال پہنچ گئےمتحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے کارکن مشیراحمدپرقاتلانہ حملے کی شدیدمذمت کی ہےاورکہاہے کہ مسلح دہشت گردایم کیوایم کے کارکنوں پرقاتلانہ حملے اودہشت گردی کی کارروائیاں کرکے شہرکاامن تباہ کرناچاہتے ہیں مگرتعصب اورشاؤنزم پریقین رکھنے والےمتعصب عناصرایم کیوایم پرہی دہشت گردی کاالزام لگارہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ ارباب غلام رحیم سے مطالبہ کیاکہ واقعہ کا فوری نوٹس لیاجائے اورقاتلانہ حملہ کرنے والے دہشت گردوں کوگرفتارکیاجائے۔رابطہ کمیٹی نے مشیراحمد سے ہمدردی کااظہارکیااوران کی جلدصحتیابی کی دعاکی۔

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن محمداقرارحسین کے انتقال پرالطاف حسین کااظہارافسوس

لندن۔۔۔11،ستمبر2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹریونٹ 69 کے کارکن محمداقرارحسین کے انتقال پرگہرے رنج وغم کااظہارکیاہے۔محمداقرارحسین کاحرکت قلب بندہوجانے کے باعث انتقال ہوگیاتھا۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے اقرارحسین مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے کہاکہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کےغم میں برابرکےشریک ہیں۔انہوں نے دعاکی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطافرمائے۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کااظہارتعزیت

کراچی۔۔۔11،ستمبر2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹریونٹ 69 کے کارکن محمداقرارحسین،ایم کیوایم فیڈرل بی ایریاسیکٹریونٹ 149 کے کارکن سلیم محمدیٰسین کے والدمحمدیٰسین خان،بزرگ کارکن یونٹ 149 منظورحسین کی والدہ محترمہ میمونہ بیگم،،ایم کیوایم جامشوروزون یونٹ B-2 کے کارکن ندیم انصاری کے والدممتازحسین اورایم کیوایم ناظم آبادگلبہارسیکٹریونٹ 167 کے کارکن سیدمختارعلی کے والدسیدمحبوب علی کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کااظہارکیاہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعاکی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کویہ صدمہ برداشت کرنے کاحوصلہ عطاکرے۔

## شکارپورمیں مسافرویگن الٹ گئی،3،افرادجاں بحق اور8،افرادشدیدزخمی

## ایم کیوایم شکارپورزونل کمیٹی کے ارکان اورکارکنان نے جائے حادثہ پہنچ کرامدادی سرگرمیاں انجام دیں

شکارپور۔۔۔11،ستمبر2007ء۔۔۔شکارپورتعلقہ گڑھی یاسین کے علاقے سون واہ میں ایک مسافرویگن ٹائربرسٹ ہوجانے کے باعث الٹ گئی جسکے باعث 3 مسافرجاں بحق اور9،مسافرشدیدزخمی ہوگئے۔حادثے کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم شکارپورزونل کمیٹی کے اراکن رفیق جان بروہی،قادراورمتعلقہ یونٹ کے کارکنان فوری طورپرجائے حادثہ پرپہنچ گئے اورامدادی سرگرمیاں انجام دیں۔انہوں نے حادثہ میں جاں بحق ہونے والےافرادکی لاشوں اورزخمی افرادکوویگن سے نکال کرسول اسپتال شکارپورمنتقل کیاجہاں زخمیوں کوفوری طورپرعلاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کی گئیں۔زخمیوں نے ایم کیوایم شکارپورزونل کمیٹی کے اراکین اورکارکنان سے تشکرکااظہارکیااورقائد

تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراورصحت وتندرستی کیلئے دعا بھی کی ۔اس موقع پرایم کیوایم شکارپور زونل کمیٹی کے اراکین اورکارکنان نے زخمیوں سے فرداً فرداً ملاقات کی اورخیریت دریافت کی اوران کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی ۔

☆☆☆☆☆